تبصرے

علی گڈھ میگزین کا علی گڈھ نمبر | مرتبہ نسیم صاحب قریشی تقطیع کلاں ضخامت پانچ سو صفحات سے اوپر کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد پانچ روپیہ۔

یہ علی گڈھ میگزین کا خاص نمبر ہے اور جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اس میں سب مضامین علی گڈھ تحریک اور اس تحریک کے نامور اساطین سے متعلق ہیں۔ یہ نمبر تین حصوں میں تقسیم ہے۔ پہلے حصہ میں جو پونے تین سو صفحات پر پھیلا ہوا ہے اکثر وبیشتر مضامین سرسید احمد خاں مرحوم پر ہیں جن میں ان کی زندگی اور ان کے کارناموں کے مختلف پہلو وضاحت اور صفائی کے ساتھ دکھائے گئے ہیں اس حصہ کے مضامین میں "سید کا خواب اور اس کی تعبیر" از ڈاکٹر سید عابد حسین، "علی گڈھ تحریک کے اساسی پہلو" سید احتشام حسین، "سرسید کا اثر اردو ادبیات پر" سید عبد اللہ، "سید احمد خاں اور جمال الدین افغانی" خلیق احمد نظامی صاحب، "سرسید کا نیا مذہبی طرز فکر" پروفیسر محمد عمر الدین، "سرسید اور ہندو مسلم اتحاد" ہارون خاں صاحب شیروانی خاص طور پر لائق مطالعہ اور بصیرت افروز ہیں۔ دوسرا حصہ جو شخصیات کے عنوان سے ہے اس میں علی گڈھ کی متعدد نامور شخصیتوں سے متعلق اردو کے معروف اہلِ قلم کے مضامین ہیں لیکن یہ حصہ جامعیت، مواد اور معلومات کے اعتبار سے حصہ اول کے مقابلہ میں بہت کمزور تشنہ اور سرسری ہے اس حصہ کے اکثر و بیشتر مضامین سے اندازہ ہوتا ہے کہ چوں کہ صاحبِ مقالہ کو ایڈیٹر علی گڈھ میگزین کی فرمائش پوری کرنی ہی ہے اس لئے انھیں کچھ نہ کچھ لکھنا ضرور تھا۔ تیسرا حصہ مستقل ایک مقالہ ہے جو خواجہ غلام الثقلین پر ان کے لائق فرزند خواجہ غلام السیدین کے قلم سے ہے۔ اول تو خود خواجہ غلام الثقلین غیر معمولی کمالات واوصاف کے بزرگ تھے اور ان کو فرزند ملا خواجہ غلام السیدین جیسا سعادت مند بھی اور صاحبِ قلم بھی۔ پھر اس مضمون کے باغ و بہار ہونے میں کیا شبہ ہو سکتا تھا۔